مقامِ رسول
مؤلف
حضرت علامہ مفتی ابوالحسن محمد منظور احمد فیضی
ضیاء القرآن پبلی کیشنز
لاہور-کراچی پاکستان

مؤلف

حضرت علامہ مفتی ابوالحسن محمد منظور احمد فیضی

مہتمم جامعہ فیضیہ رضویہ و فیض الاسلام احمد پور شرقیہ

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور - کراچی پاکستان

Marfat.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب	مقام رسول ﷺ
مصنف	حضرت علامہ مفتی ابوالحسن محمد منظور احمد فیضی
تاریخ اشاعت	اپریل 2007ء
ناشر	ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور
تعداد	ایک ہزار
کمپیوٹر کوڈ	1Z 444
قیمت	-/375 روپے

ملنے کے پتے

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

داتا دربار روڈ، لاہور۔ 7221953 فیکس:۔ 042-7238010

9۔ الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔ 7225085-7247350

14۔ انفال سنٹر، اردو بازار، کراچی

فون: 021-2630411-2212011۔ فیکس:۔ 021-2210212

e-mail:- sales@zia-ul-quran.com

zquran@brain.net.pk

Visit our website:- www.zia-ul-quran.com

Marfat.com

''الہام مضمحل ہوئے نہ سابق حضور کا ادراک کر سکے نہ لاحق یعنی کمال وعظمتِ محمدی کی وجہ سے فہمیں کوشش کر کر کے صغیر ونحیف ہوگئیں، حقیقت محمدیہ سے ایک ذرہ کا بھی ادراک نہ کیا اور ادراکات نے (کھودا) یعنی بہت کچھ سوچا حضور کے کمال حال اور آپ کی صفت سے کچھ نہ سمجھا تو جس نے بھی آپ کے کمالات سے کچھ کے سمجھنے کا ارادہ کیا تو وہاں سے تھکی آنکھ والا ہو کے واپس لوٹا اور جس نے آپ کے انوار کے چکھنے کا ارادہ کیا تو وہ اپنے عجز و اشتقار کا معترف ہو کر واپس لوٹا اور جس نے اس پاکیزہ خوشبو کے سونگھنے کی نیت کی اس کے ارادات اور نیات چھپیہ کھل گئے ختم ہوگئے تمام کے تمام اپنے عجز ونقص کے دریا میں غرق ہوتے ہیں۔ہم سے کسی نے حضور کا (کماحقہ) ادراک نہ کیا نہ سابق نے نہ لاحق نے اور اس ذات کا ادراک کیسے ہو سکے جس کا خلق قرآن ہو اور جس کی ذات، ذات رحمٰن کے نور سے ہو اور جن کے لئے احسان کے کل مرتبے ثابت ہوں تو آپ حبیب کرم ہیں اور تجلی اعظم سے مخصوص ہیں اسی لئے تو بعض عارفوں نے فرمایا: ان سب پہ اللہ تعالیٰ رحم فرمائے۔ اگر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حقیقت کھل جائے تو سب مرتد ہو جائیں گے اس لئے کہ جن کی صفتیں رحمانی صفتیں ہوں اور جن کی ذات اللہ تعالیٰ کے نور سے ہو اور وہ حواس اور معاینہ سے مدرک ہو، ان کی معبودیت میں دو شخص اختلاف نہیں کریں گے اسی وجہ سے لوگوں نے دینوں میں اختلاف کیا جب کہ ان کے لئے اس کی تجلی سے کچھ جمادات اور حیوانات میں ظاہر ہوا لیکن اللہ حنان منان کے لئے پاکی ہے جس نے اپنے بندوں میں سے جس کو چاہا دلیل اور برہان سے محفوظ رکھا اور جس سے پیار کیا اسے یقین اور مشاہدہ کے ذریعہ سے منع کیا تو جب معاملہ ایسا ہے تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ادراک کا کوئی چارہ نہیں بلکہ اس سید فاضل علیہ الصلوٰۃ والسلام کی حقیقت کی خوشبو سونگھنے کی طرف بھی کوئی راستہ نہیں لیکن تحقیق اور ادراک کی غایت یہ ہے کہ حضور تمام رسولوں اور تمام بادشاہوں کے سردار ہیں صلی اللہ علیہ وسلم صاحب قصیدہ بردہ کا قول کیا ہی اچھا ہے

''آپ کے کمالات دریافت کرنے میں ساری خلقت عاجز رہ گئی پس نہیں دکھائی دیتا قرب اور بُعد میں سوائے اپنے فہم کے عجز کے جیسے آفتاب کہ آنکھوں کو دور سے چھوٹا معلوم ہوتا ہے اور قریب سے دیکھو تو آنکھ کو خیرہ کر دیتا ہے اور کیونکر دریافت کرے آپ کی حقیقت دنیا میں جو قوم کہ سوتی ہے اور خواب میں تسلی کئے ہوئے ہے۔ سو علم کی رسائی تو اتنی ہے کہ وہ بشر

Marfat.com